یکم ستمبر 2023ء

ایم پی سی کا ہنگامی اجلاس منعقد کیے جانے کی رپورٹیں بے بنیاد ہیں: اسٹیٹ بینک

بینک دولت پاکستان کی زری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) کے ہنگامی اجلاس کے انعقاد کے بارے میں میڈیا میں گردش کرنے والی رپورٹیں قطعی بے بنیاد ہیں۔ مستقبل کے پالیسی ریٹ سے متعلق پیش گوئی کرنا قبل از وقت ہو گا کیونکہ صرف ایم پی سی، جو ایک آزاد قانونی ادارہ ہے، پالیسی ریٹ کے بارے میں فیصلہ کرنے کی مجاز ہے۔ ایم پی سی کے آئندہ اجلاس کے انعقاد کی تاریخ 14 ستمبر 2023ء ہے، جس کے دوران وہ معاشی حالات کا جائزہ لے گی اور اس سلسلے میں موزوں فیصلہ کرے گی۔

***